# 10-03-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔کانگریس، بی آر ایس اور سی پی آئی کے امیدواروں نے ایم ایل سی انتخابات کے لئے آج نامزدگیاں داخل کیں۔

۲۔نلگنڈہ کی ایس سی ایس ٹی ڈسٹرکٹ سیشن عدالت نے پرانائے نامی نوجوان کے قتل کے سنسنی خیز معاملہ میں اپنا قطعی فیصلہ سنادیا ہے۔

۳۔مرکزی حکومت نے جاریہ مالی سال کے دوران 51 ہزار 462 کروڑ روپے زائد خرچ کرنے کے لئے پارلیمنٹ سے اجازت مانگی ہے۔

اور

۴۔خواتین اور بچوں کی بہبود کی وزیر ڈاکٹر دانا سری اناسویا سیتا اکا نے سابق وزیر اور بی آر ایس لیڈر ہریش راؤ کے ان ریمارکس پر تنقید کی ہے کہ ریاستی حکومت کے گروپوں کی جانب سے لئے گئے بینک قرضوں پر سود ادا نہیں کررہی ہے۔

ANOUNCEMENT LED:

آکاش وانی حیدرآباد سنٹر علاقائی نیوز یونٹ کو جز وقتی بنیاد پر اردو نیوز ایڈیٹرس اور اردو نیوز ریڈرس کے لئے درخواستیں مطلوب ہیں۔انہیں مہینہ میں زیادہ سے زیادہ 6 دن کام کرنا ہوگا۔امیدواروں کی عمر 21 تا 50 سال کے درمیان ہونی چاہئے۔ان میں تلگو اور انگریزی سے اردو میں ترجمہ کرنے کی قابلیت ہونی چاہئے۔ دلچسپی رکھنے والے امیدوار مزید تفصیلات newsonair.gov.in پر حاصل کرسکتے ہیں۔ درخواستیں اپنی اسناد اور دو پاسپورٹ سائز تصاویر کے ساتھ ہیڈ آف آفس آکاش وانی سیف آباد، حیدرآباد 500004 پر روانہ کی جاسکتی ہیں۔درخواستیں پیش کرنے کی آخری تاریخ 17 مارچ ہے۔جن افراد نے پہلے درخواستیں دی ہیں انہیں دوبارہ درخواستیں پیش کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

MLC:

کانگریس، بی آر ایس اور سی پی آئی کے امیدواروں نے ایم ایل سی انتخابات کے لئے آج نامزدگیاں داخل کیں۔ایم ایل اے کوٹہ سے ہونے والے انتخابات کے لئے کانگریس کی طرف سے اڈنکی دیاکر، شنکر نائک اور وجئے شانتی نے نامزدگیاں داخل کیں۔اس موقع پر چیف منسٹر ریونت ریڈی، ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکا، پردیش کانگریس کے صدر مہیش کمار گوڑ، کئی وزراء اور ارکانِ اسمبلی موجود تھے۔سی پی آئی کی طرف سے نیلی کنٹی ستیم نے اور بی آر ایس کی طرف سے داسوجو سرون نے نامزدگیاں داخل کیں۔ نامزدگیاں داخل کرنے کی آج آخری تاریخ تھی۔ کاغذاتِ نامزدگی کی جانچ پڑتال کل ہوگی جبکہ

13 مارچ نامزدگیاں واپس لینے کی آخری تاریخ ہے۔ارکانِ اسمبلی کی جانب سے منتخب کئے گئے کونسل کے پانچ ارکان کی میعاد 29 مارچ کو ختم ہورہی ہے۔ان خالی نشستوں کو پُر کرنے کے لئے انتخابات 20 مارچ کو ہوں گے۔

HEATWAVE:

ریاست میں بڑھتے ہوئے درجہ حرارت کے پیش نظر محکمہ صحت نے عوام کو گرمی کی لہر سے محفوظ رہنے کے لئے ہدایات جاری کی ہیں۔شہریوں سے کہا گیا ہے کہ وہ احتیاطی اقدامات اختیار کریں اور خاص طور پر دوپہر 12 بجے اور 3 بجے کے درمیان شدید گرمی سے اپنے آپ کو محفوظ رکھیں۔حکومت نے عوام کو مشورہ دیا ہے کہ وہ سخت گرمی کے اوقات میں گھروں میں ہی رہیں اور شراب، چائے اور کافی سے پرہیز کریں جن سے ڈی ہائیڈریشن ہوسکتا ہے۔اس دوران تلنگانہ میں موسم خشک رہنے کا امکان ہے۔آئندہ تین دن کے دوران ایکا دوکا مقامات پر صبح کے اوقات میں دھند چھائے رہنے کا امکان ہے۔آئندہ تین کے دن دوران اعظم ترین درجہ حرارت میں دو تا چار ڈگری کا اضافہ ہوسکتا ہے۔

GROUPE I:

تلنگانہ پبلک سرویس کمیشن نے آج گروپ ون مین امتحان کے عبوری نشانات جاری کردئے۔امیدواروں کے نشانات کمیشن کی ویب سائٹ www.tspsc.gov.in پر دیکھے جاسکتے ہیں۔ٹی جی پی ایس سی نے گزشتہ سال اکتوبر میں گروپ ون مین امتحان منعقد کیا تھا۔اس امتحان میں جملہ 21,093 امیدواروں نے شرکت کی تھی۔امیدوار ایک ہزار روپے فیس کی ادائیگی کے ساتھ نشانات کی دوبارہ گنتی کے لئے اس مہینہ کی 24 تاریخ تک درخواستیں دے سکتے ہیں۔

SAFETY WEEK:

ملک بھر میں 54 واں نیشنل سیفٹی ویک منایا جارہا ہے۔تمام شعبوں میں احتیاطی اقدامات کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کی غرض سے ہر سال 4 اور 10 مارچ کے درمیان نیشنل سیفٹی ویک منایا جاتا ہے۔اس سال کا موضوع 'وکست بھارت کے لئے سلامتی کی اہمیت' ہے۔

DEATH SENTENCE:

نلگنڈہ کی ایس سی ایس ٹی ڈسٹرکٹ سیشن عدالت نے پرانائے نامی نوجوان کے قتل کے سنسنی خیز معاملہ میں اپنا قطعی فیصلہ سنادیا ہے۔اس کیس کے دوسرے ملزم سبھاش شرما کو عدالت نے سزائے موت سنائی ہے۔باقی 6 ملزمین کو عمر قید کی سزا سنائی گئی۔یہ فیصلہ آئی پی سی کی دفعات 120B ,302 اور 109، ایس سی ایس ٹی انسدادِ مظالم قانون اور انڈین آرمس ایکٹ 1959ء کے تحت سنایا گیا۔پرانائے کو 14 ستمبر 2018ء کو مریال گوڑہ میں اس وقت قتل کردیا گیا تھا جب وہ اپنی بیوی

امروتا کے ساتھ ہاسپٹل سے واپس ہورہے تھے۔ یہ حملہ امروتا کے والد ماروتی راؤ نے کرایا۔ ماروتی راؤ نے دلت نوجوان پرانائے کےقتل کے لئے دہشت گردی کے الزامات کا سامنا کررہے اصغر علی کی خدمات حاصل کی تھیں۔ یہ مقدمہ تقریباً 6 سال چلا۔ملزم نمبرایک ماروتی راؤ نے مارچ 2020ء میں خودکشی کرلی۔عدالت نے تمام ثبوتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے سبھاش شرما کوسزائے موت سنائی جبکہ اصغرعلی اوردوسروں کوعمر قید کی سزا سنائی گئی۔

Sound Byte

LS- GRANTS:

مرکزی حکومت نے جاریہ مالی سال کے دوران 51ہزار 462 کروڑ روپے زائد خرچ کرنے کے لئے پارلیمنٹ سے اجازت مانگی ہے۔ بجٹ سیشن کے دوسرے مرحلہ کے پہلے دن آج لوک سبھا میں وزیر فینانس نرملا سیتارامن نے ضمنی مطالباتِ زر کا دوسرا حصہ پیش کیا۔زائداخراجات میں فرٹیلائزر کی سبسیڈی کے لئے 12 ہزار کروڑ روپے اور سرکاری ملازمین کے وظیفوں کے لئے 449 کروڑ روپے شامل ہیں۔

CS:

چیف سکریٹری شانتی کماری نے اس مہینہ کی 12 تاریخ سے شروع ہونے والے اسمبلی سیشن کے سلسلہ میں عہدیداروں کے ساتھ ایک اجلاس منعقد کیا۔انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ اسمبلی اور کونسل کے ارکان کی جانب سے کئے جانے والے سوالات کے تفصیلی جواب اسمبلی کے متعلقہ عہدیداروں کو روانہ کریں۔ چیف سکریٹری نے کہا کہ بجٹ سیشن میں متعلقہ سکریٹریز کوموجود رہتے ہوئے درکار معلومات فراہم کرنی چاہیئے اور محکموں کونوڈل آفیسرس کا تقرر بھی کرنا چاہیئے۔

SLBC:

ناگرکرنول ضلع میں ایس ایل بی سی سرنگ میں بچاؤ کی کارروائی کا جائزہ لینے کے لئے ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے اسپیشل چیف سکریٹری اروند کمار نے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد کیا۔اس اجلاس میں ضلع کلکٹر بداوت سنتوش، پولیس سپرنٹنڈنٹ ویبھو گائیکواڈ رگھوناتھ اورفوج ، این ڈی آر ایف، ایس ڈی آر ایف، سنگارینی مائنس ریسکیو ٹیم ، ریاٹ مائنرس، ساؤتھ سنٹرل ریلوے اوردیگر محکموں کے عہدیداروں نے شرکت کی۔ یہ محکمے بچاؤ کی کارروائی میں حصہ لے رہے ہیں۔اس اجلاس کے دوران عہدیداروں نے کل انجام دی گئی کارروائی کا جائزہ لیا اور پنجاب سے تعلق رکھنے والے گرپریت سنگھ کی نعش کو کامیابی کے ساتھ باہر نکالنے پر ریسکیو ٹیموں کی ستائش کی۔عہدیداروں نے باقی لاپتہ افراد کا پتہ لگانے کے لئے تیزی کے ساتھ موثر انداز میں کارروائی جاری رکھنے کی ضرورت پر زوردیا۔ریسکیو ٹیموں کو ہدایت دی گئی کہ وہ اپنی کارروائی کو تیز کردیں۔

KAVITHA:

بی آر ایس کی ایم ایل سی کویتا نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ آنے والے بجٹ سیشن میں گزشتہ 15 مہینوں کے دوران حاصل کئے گئے دیڑھ لاکھ کروڑ روپے کے قرضوں کے بارے میں وائٹ پیپر پیش کرے۔انہوں نے الزام لگایا کہ چیف منسٹر ریونت ریڈی اپنی حکومت کی ناکامیوں کو چھپانے کے لئے عوام کو گمراہ کررہے ہیں اور تلنگانہ کی شبیہ کو نقصان پہنچا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ چیف منسٹر نے دہلی میں یہ جھوٹا دعویٰ کیا کہ تلنگانہ میں مالی بحران ہے۔انہوں نے آر بی آئی کے اعداد و شمار کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ تلنگانہ میں اوسطاً ماہانہ 18 ہزار 500 کروڑ روپے کی آمدنی ہورہی ہے۔

SEETHAKKA:

خواتین اور بچوں کی بہبود کی وزیر ڈاکٹر دانا سری انا سویا سیتا اکا نے سابق وزیر اور بی آر ایس لیڈر ہریش راؤ کے ان ریمارکس پر تنقید کی ہے کہ ریاستی حکومت کے گروپوں کی جانب سے لئے گئے بینک قرضوں پر سود ادا نہیں کررہی ہے۔انہوں نے ایک ویڈیو پیغام میں ان الزامات کو مسترد کردیا۔انہوں نے کہا کہ ہریش راؤ جھوٹ پھیلا رہے ہیں کیونکہ وہ حکومت کو خواتین کی جانب سے مل رہی تائید کو برداشت نہیں کر پا رہے ہیں۔

Sound Byte.

○○